# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 12 March-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۲/مارچ ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی ماریشس کے اعلیٰ ترین اعزاز سے سرفراز؛ آج ماریشس کے قومی دن کی تقریبات میں ہوں گے شریک۔

☆ عبادت گاہوں پر لاؤڈ اسپیکر کے استعمال سے متعلق قوانین پر سختی سے عمل درآمد کرنے کے وزیرِ اعلیٰ کے احکامات۔

☆ مقننہ میں بجٹ پر بحث کا آغاز۔ بگڑتی ہوئی معاشی صورتحال بجٹ میں ظاہر ہوجانے کی حزبِ اختلاف کی تنقید۔

☆ ریاستی حکومت کی جانب سے پیدائش اور موت کے رجسٹریشن سے متعلق قانون میں تبدیلی، ٹھوس ثبوت نہ دینے پر ہوگی فوجداری کارروائی۔

☆ مراٹھواڑہ میں موسمبی پروسیسنگ صنعت شروع کرنے کا ارجن کھوتکر کا مطالبہ۔

اور۔۔۔☆ دھاراشیو۔ بیڑ۔ چھترپتی سمبھاجی نگر تا چالیس گاؤں ریلوے لائن کے سروے کو منظوری۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

وزیرِ اعظم نریندر مودی کو ماریشس کے دو اعلیٰ ترین اعزازات، گرینڈ کمانڈر آف دی آرڈر آف دی اسٹار اور کی آف دی انڈین اوشن سے نوازا جارہا ہے۔ ماریشس کے وزیرِ اعظم ڈاکٹر نوین چندر رام غلام نے کل بھارتی شہریوں کیلئے منعقدہ ایک تقریب میں یہ اعلان کیا۔ مودی یہ ایوارڈ حاصل کرنے والے پہلے بھارتی ہیں، اوران کا یہ اکیسواں بین الاقوامی ایوارڈ ہے۔

دریں اثنا، وزیرِ اعظم مودی آج ماریشس کے قومی دن کی تقاریب میں شرکت کریں گے۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے عبادت گاہوں پر لاؤڈ اسپیکر کے استعمال سے متعلق قوانین پر سختی سے عمل آوری کی ہدایت دی ہے۔ وہ کل قانون ساز اسمبلی میں رُکنِ اسمبلی دیویانی فراندے کی توجہ دلاؤ تجویز کا جواب دے رہے تھے۔ انہوں نے لاؤڈ اسپیکر کی آواز کی حد کی جانچ کرنے کی ذمہ داری متعلقہ پولس انسپکٹر کو سونپنے کا اعلان بھی کیا۔ انھوں نے ان معاملات میں سخت کارروائی کیلئے مرکزی حکومت سے متعلقہ ضابطوں میں ترمیم کرنے کی درخواست کرنے کا تیقن بھی دیا۔

نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار نے کل قانون ساز اسمبلی میں اعلان کیا کہ امدادِ باہمی ہاؤسنگ سوسائٹیوں کے این او سی کے بغیر شراب کی دکانوں کو منظوری نہیں دی جائے گی۔ ارکانِ اسمبلی سدھیر منگنٹیوار، راہل کُول، اور وَرون سردیسائی نے شراب پر پابندی کیلئے رائے دہی کے قوانین میں تبدیلی کا مطالبہ کیا۔ جس پر پوار نے 50 فیصد کی بجائے 75 فیصد رائے دہندگان کے مخالفت میں ووٹ دینے پر شراب کی دکان کی منظوری کو منسوخ کرنے سے متعلق قواعد میں تبدیلی کرنے کا تیقن دیا۔

***** ***** *****

قانون ساز کونسل میں قائدِ حزبِ اختلاف امباداس دانوے نے بجٹ پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ ریاست کی گرتی ہوئی معاشی حالت بجٹ میں کھل کر ظاہر ہوچکی ہے۔ وہ گزشتہ روز ایوان میں بجٹ پر بحث کا آغاز کرتے ہوئے مخاطب تھے۔ دانوے نے کہا کہ یہ بجٹ پرانے نعروں پر مشتمل اور گمراہ کن ہے۔

بی جے پی کے پرساد لاڑ نے کہا کہ یہ بجٹ ریاست کی ترقی کی سمت بدل دے گا، انہوں نے اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ بجٹ ترقی اور وراثت کا مجموعہ ہے۔ کانگریس کے بھائی جگتاپ نے لاڈکی بہین یوجنا کی قسطوں میں اضافہ کرنے کا وعدہ پورا نہ کرنے پر بجٹ کو تنقید کا نشانہ بنایا' جبکہ بزرگ رہنما ایکناتھ کھڑسے نے بجٹ پر تنقید کرتے ہوئے اسے بے سمت قرار دیا۔

قانون ساز اسمبلی میں بھی کل سے بجٹ پر بحث کا آغاز ہوا۔ شیوسینا ادھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے رہنما بھاسکر جادھو نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ حکمراں پارٹی نے انتخابی دور میں صرف دلکش اعلانات اور خوش کُن وعدوں کی برسات کی، لیکن بجٹ میں ان وعدوں کو عملی جامہ نہیں پہنایا۔ کانگریس قائد وجے وڈیٹیوار نے اس بجٹ کو ریاست کو قرض کے جال میں دھکیلنے والا قرار دیا۔

راشٹروادی کانگریس شرد چند پوار پارٹی کے جتیندر راوہاڑ نے بحث میں حصہ لیتے ہوئے بجٹ کو امیروں کا بجٹ قرار دیتے ہوئے اس میں عام آدمی کیلئے کچھ گنجائش نہ ہونے کی تنقید کی۔

جبکہ بزرگ قائد چھگن بھجبل نے ریاست میں درپیش مشکلات کے پیش نظر جامع بجٹ پیش کرنے پر وزیرِ خزانہ کا خیر مقدم کیا۔

جالنہ کے رُکنِ اسمبلی ارجن کھوتکر نے حزبِ اختلاف کے الزامات کو مسترد کرتے ہوئے اس بجٹ کو زراعت، روزگار اور سماجی ترقی سمیت تمام شعبوں کے ساتھ انصاف کرنے والا بتایا۔ انہوں نے مراٹھواڑہ میں موسمبی کی پروسیسنگ انڈسٹری کے قیام کا مطالبہ کیا' ساتھ ہی موسمبی کے رس کو زیادہ دیر تک برقرار رکھنے کیلئے زرعی یونیورسٹیوں میں تحقیق کرنے کی تجویز بھی پیش کی۔

***** ***** *****

**یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔**

***** ***** *****

ریاستی حکومت نے پیدائش اور موت کے رجسٹریشن قانون میں تبدیلیاں کی ہیں۔ پیدائش اور موت کے رجسٹریشن ایکٹ، 1969 اور مہاراشٹر کے پیدائش اور موت کے اندراج قانون، 2000 کی دفعات کے مطابق، پیدائش اور اموات کو ایک سال سے زیادہ کی تاخیر کے معاملات درج کرنے کا طریقۂ کار طے کیا گیا ہے۔ جس پیدائش یا موت کو ایک سال سے زیادہ کا عرصہ گزر چکا ہے اور ان کے رشتہ داروں کو یہ سرٹیفکیٹ مطلوب ہیں، تاہم ان کے پاس اس حوالے سے مضبوط ثبوت موجود نہیں ہیں اور وہ سرٹیفکیٹ کیلئے درخواست کرتے ہیں تو اُن درخواست گزاروں کے خلاف براہ راست فوجداری کارروائی کرنے کا انتباہ بھی متعلقہ خبر میں دیا گیا ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلعے کے کنڑ-سوئیگاؤں انتخابی حلقے میں مہاراشٹر جیون پرادھیکرن اور جل جیون مشن کے آبرسانی منصوبوں کے زیر التواء کاموں کو اندرونِ دو ماہ مکمل کرنے کی ہدایت پانی فراہمی اور صفائی محکمے کے وزیر گلاب راؤ پاٹل نے دی ہے۔ وہ گزشتہ روز منترالیہ میں منعقدہ جائزاتی اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔ انھوں نے 48 زیر التوا منصوبوں کے ٹھیکیداروں کے خلاف سخت کارروائی کرنے اور کام نہ کرنے والے ٹھیکیداروں کو سیاہ فہرست میں شامل کرنے کی ہدایات بھی دیں۔

***** ***** *****

مرکزی وزارت ریلوے نے دھاراشیو- بیڑ- چھترپتی سمبھاجی نگر کے درمیان 240 کلومیٹرنئی ریلوے لائن کیلئے سروے کومنظوری دے دی ہے۔رکنِ پارلیمان بجرنگ سونونے نے اس کیلئے 6 کروڑ روپے کا فنڈ منظور ہونے کی اطلاع سماجی رابطوں پر دی۔انہوں نے بتایا کہ چھترپتی سمبھاجی نگر سے چالیس گاؤں تک 93 کلومیٹرطویل ریلوے لائن کے سروے کیلئے دوکروڑ 32 لاکھ روپے منظور کیے گئے ہیں اوراس سلسلے میں محکمہ ریلوے کی طرف سے ایک خط جاری کیا گیا ہے۔

دریں اثنا،سونونے نے کہا کہ اہلیانگر- بیڑ- پرلی ریلوے لائن کیلئے زمین کے حصول کا کام مکمل ہو چکا ہےاوراس لائن پرکام تیزی سے جاری ہے۔

***** ***** ****

پونے کے سوارگیٹ بس اسٹینڈ پرشیوشاہی بس میں ایک خاتون کے ساتھ جنسی زیادتی کے معاملے میں چارافسران کومعطل کردیا گیا ہے جبکہ 22 حفاظتی اہلکارتبدیل کیے گئے ہیں۔وزیرٹرانسپورٹ پرتاپ سرنائک نے کل قانون سازکونسل میں یہ جانکاری دی۔سرنائک نے ایس ٹی مسافروں بالخصوص خواتین کی حفاظت میں لاپرواہی برتنے پرسخت کارروائی کرنے کا اشارہ بھی دیا۔

***** ***** *****

دھاراشیوضلعے میں کھیتی کے ساتھ سیاحت کے فروغ، گال سے لیس کھیت، پھل باغ جیسے شعبوں کیلئے کام کرنے کاعزم ضلعے کے نئے کلکٹر کیرتی کمار پجارنے ظاہرکیا ہے۔وہ کل ایک صحافتی کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔انھوں نے کہا کہ ضلعے کے ڈیڑھ سوسیاحتی مقامات پربنیادی سہولیات کیلئے کوشش کریں گےاوراس میں خواتین بچت گروپوں کی شرکت کویقینی بنایا جائے گا۔

***** ***** *****

شری شیلیہ اُٹگے نے کانگریس کےلاتورضلع صدرکےعہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے۔پارٹی کے ریاستی صدرہرش وردھن سپکال کوانھوں نے اپنا استعفیٰ پیش کیا۔اسمبلی کےعام انتخابات میں کانگریس امیدواردھیرج دیشمکھ کی شکست کی ذمہ داری قبول کرتے ہوئے استعفیٰ دینے کی وضاحت اُٹگے نے کی ہے۔

***** ***** *****

رنگوں کا تہوار ہولی کل منایا جائے گا۔ ہولی اور دھولی وندن مناتے وقت عوام سے بجلی کے حادثات سے حفاظت کیلئے احتیاط برتنے کی اپیل چھترپتی سمبھاجی نگر کے مہاوترن انتظامیہ کی جانب سے کی گئی ہے۔

دریں اثنا، اس تہوار کے دوران سماجی ہم آہنگی کو برقرار رکھنے کی اپیل پربھنی کے ضلع کلکٹر رگھوناتھ گاوڑے نے کی ہے۔ضلع امن کمیٹی اورمختلف محکمہ جات کے سربراہان کے ہمراہ ایک میٹنگ سے وہ مخاطب تھے۔

***** ***** *****

لاتورکی امراضِ زنانہ تنظیم کی جانب سے ''محفوظ ماں'' کے موضوع پرکل ایک روزہ تربیتی کیمپ منعقد کیا گیا۔اس کیمپ میں نسوانی بیماریوں کے ماہرین نے دورانِ حمل احتیاط برتنے، کھانے اورصحت سے متعلق رہنمائی کی۔

***** ***** *****

دھاراشیواورشولاپورضلعے کے بارشی تعلقے میں شیر دکھائی دیا ہے۔ایوت محل ضلعے کے ٹیپشور جنگلات سے شیر کے نقل مکانی کرنے کا امکان ظاہرکیا گیا ہےاوریہ شیر بھوم، واشی، کلمب ، پرانڈا، بیڑ شی، رام لنگ گھاٹ اور بارشی جنگلات میں گشت کرتا ہوانظرآیا ہے۔محکمہ جنگلات شیرکو بحفاظت پکڑکر جنگلات میں چھوڑنے کیلئے کوشاں ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ ریلوے اسٹیشن کے توسیعی کاموں کے چلتے ناندیڑ تا چھترپتی سمبھا جی نگر ایکسپریس 14 مارچ اور پربھنی تا ناندیڑ ایکسپریس آج کل اور 15 مارچ کو منسوخ کی گئی ہے۔ یہ اطلاع جنوب وسطی ریلوے محکمے کی جانب سے دی گئی ہے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں:::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ وزیر اعظم نریندر مودی ماریشس کے اعلیٰ ترین اعزاز سے سرفراز؛ آج ماریشس کے قومی دن کی تقریبات میں ہوں گے شریک۔

☆ عبادت گاہوں پر لاؤڈ اسپیکر کے استعمال سے متعلق قوانین پر سختی سے عمل درآمد کرنے کے وزیر اعلیٰ کے احکامات۔

☆ مقننہ میں بجٹ پر بحث کا آغاز۔ بگڑتی ہوئی معاشی صورتحال بجٹ میں ظاہر ہو جانے کی حزبِ اختلاف کی تنقید۔

☆ ریاستی حکومت کی جانب سے پیدائش اور موت کے رجسٹریشن سے متعلق قانون میں تبدیلی، ٹھوس ثبوت نہ دینے پر ہو گی فوجداری کارروائی۔

☆ مراٹھواڑہ میں موسمبی پروسیسنگ صنعت شروع کرنے کا ارجن کھوتکر کا مطالبہ۔

اور۔۔۔☆ دھاراشیو۔ بیڑ۔ چھترپتی سمبھا جی نگر تا چالیس گاؤں ریلوے لائن کے سروے کو منظوری۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****